
# کوئل کی کوک



جے شری دیش پانڈے

Read India Books



Original Story (*Kannada*) Kuhu Kuhu Kogile by Jayashree Deshpande
© Pratham Books, 2005

First edition: 2005

Illustrations & Design: Srikrishna Kedilaya
Urdu Translation: Baaraan Ijlal

ISBN : 81-8263-212-9

Registered Office:
PRATHAM BOOKS
930, 4th Cross, 1st Main, MICO Layout, Stage 2,
Bangalore 560 076

Regional Offices in Mumbai and New Delhi

Typesetting by: Faiyaz Ahmed
Layout by: Pratham Books

Printed by:
The Print Shop
New Delhi



Some rights reserved. This book is CC-BY-3.0 licensed.
Full terms of use and attribution available at:
http://www.prathambooks.org/cc

Published by:
Pratham Books
www.prathambooks.org

# کوئل کی کوک

مصنف : جے شری دیش پانڈے

تصویر : سری کرشن کیڈ یلایا

اردو ترجمہ : باران اجلال

یہ کتاب

____________________

____________________


____________________

کی ہے





اپنے دادا دادی کے ساتھ چھٹیاں گزارنے کے لئے راجو گاؤں آیا ہے۔ ایک دن جب وہ صبح جاگا تو باہر اسے بڑی میٹھی آواز سنائی دی۔






کوئل آم کے پیڑ پر بیٹھی گا رہی تھی - کوٗ ، کوٗ ، کوٗ ۔





راجو کو اس کی آواز بڑی میٹھی لگی۔ وہ کوئل کو ڈھونڈنے لگا کہ وہ کہاں بیٹھی ہے۔ آنگن میں آم کے پیڑ پر بیٹھی کوئل گا رہی تھی۔

راجو کو دیکھ کر کوئل بولی، ”کؤ، کؤ، راجو۔“ راجو نے خوش ہو کر اس سے کہا،
”اوہو! کوئل! کیا تمہیں میرا نام معلوم ہے؟“





کوئل نے جواب دیا، ''ہاں! مجھے سب معلوم ہے۔ لیکن
تمہیں میرا گانا کیسا لگا؟''


راجو بولا، ''تم بہت ہی میٹھا گاتی ہو۔ مجھے تمہاری
آواز اچھی لگی۔''





کوئل کہنے لگی، ”ہاں! جب بہار کے موسم میں آم کے پیڑوں پر بَور آتا ہے تو ہم
اسی طرح سارا دن گاتے رہتے ہیں۔“

راجو بہت خوش ہوا اس نے کہا، ''کیا تم میرے ساتھ شہر چلنا پسند کرو گی؟ وہاں سب لوگ تمہارا گانا پسند کریں گے۔''



کوئل بولی، ''راجو میرے سینکڑوں رشتے دار تمہارے شہر میں ہی رہتے ہیں۔ پھر میرا وہاں کیا کام۔ میں وہاں کیوں آؤں؟''



یہ سن کر راجو حیران رہ گیا اور کہنے لگا، ” کیا شہر میں بھی سینکڑوں کوئل رہتی ہیں؟ لیکن ہم میں سے کسی نے بھی تمہارا گانا نہیں سنا۔“






کوئل کچھ اداس ہوگئی اور بولی، ''گرمی سے
پہلے بہار آتی ہے تو اس وقت سبھی پیڑ پھولوں
سے بھر جاتے ہیں تب ہم سبھی کوئل اپنے گیت
ضرور گاتے ہیں۔لیکن تمہارے شہر میں تو دن
بھر شور شرابہ رہتا ہے۔سینکڑوں گاڑیاں دن بھر
دوڑتی رہتی ہیں اور آسمان میں بھی ہوائی جہاز
اڑانے بھرتے رہتے ہیں۔ایسے میں تمہیں
کوئلوں کے گیت کیسے سنائی دے سکتا ہے؟''

کوئل کی بات سچ تھی۔ راجو کو بہت دکھ ہوا۔ وہ کوئل سے پوچھ بیٹھا، ''اگر شہر میں گاڑیوں کا شور شرابہ کم ہو جائے اور امن و امان کا ماحول بن جائے تو کیا تم وہاں آ کر گاؤ گی؟''





کوئل نے جواب دیا، ''کیوں نہیں،
تب میں ضرور آؤں گی اور پھر تم لوگ باقی
دوسری کوئلوں کا گانا بھی سن سکو گے۔'' یہ
بات سن کر راجو بہت خوش ہوا۔ اسی وقت
دادا جی گھر سے باہر نکلے اور بولے،
''راجو کوئل کا گانا سن رہے ہو کیا؟''

''ہاں دادا جی'' راجو نے جواب دیا۔ دادا جی نے پھر راجو سے سوال کیا، ''کیا تم کوئل کی کہانی جانتے ہو؟''





راجو نے کہا، ''کون سی کہانی دادا جی؟'' دادا جی نے اس کے بعد راجو کو کوئل کی کہانی سنائی، ''کوئل ذرا کاہل چڑیا ہوتی ہے۔ مادہ کوئل اپنے بچوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری نہیں اٹھانا چاہتی اس لئے وہ اپنے انڈے کوّے کے گھونسلے میں رکھ دیتی ہے۔ کوّا اپنے انڈوں کے ساتھ ان کی بھی دیکھ بھال کرتا ہے۔




کوئل کے بچوں کا رنگ بھی کوّے کے بچوں کی طرح کالا ہوتا ہے

اس لئے مادہ کوّا اسے اپنا بچہ سمجھ کر پالتی ہے۔



جب کوئل کا بچہ میٹھی آواز میں گانے
لگتا ہے تب کوّا کی سمجھ میں آتا ہے
کہ یہ اس کا بچہ نہیں ہے۔ پھر وہ
اسے اپنے گھونسلے سے بھگا دیتی
ہے۔ اس کے بعد کوئل کا بچہ اپنی
دیکھ بھال خود کرتا ہے اور اپنی
زندگی گزارتا ہے۔"






دادا جی کی باتیں سن کر راجو کو بڑی حیرانی ہوئی۔ وہ بولا، ''ارے واہ ری کوئلیا! تمہاری کہانی تو بڑی عجیب ہے!'' تب دادا جی نے اسے سمجھایا کہ جانوروں اور پرندوں کی دنیا میں ایسی عجیب وغریب باتیں ہوتی ہی ہیں۔ یہ سنتے ہی کوئل بھی بول پڑی، ''کؤ، کؤ! ہاں راجو ہاں۔'' اتنا کہہ کر وہ اڑی اور دوسرے پیڑ پر جا کر بیٹھ گئی اور دوبارہ اپنا گیت گانے لگی۔



اس تصویر میں رنگ بھرو۔



اس تصویر میں رنگ بھرو۔





اس زمرے کی دوسری کتابیں

- انار کا مزہ
- کشتی کی سواری
- رنگ برنگی خوبصورت مچھلیاں
- مچھلی نے خبر سنی
- گوریا اور امرود
- راجو اور ترکاری
- کچھوا اور خرگوش
- کوّے کے رشتے دار
- بلبلوں والا جھاگ سے بھرا دودھ

اپنے شہروں میں ہمیں اب کوئل کی میٹھی آواز کیوں نہیں سنائی دیتی؟ دادا جی کے یہاں شہر سے آئے ہوئے راجو کو کوئل سے کئی سوالوں کے جواب ملے۔ اس سلسلے میں دلچسپ کہانی پڑھئے۔

ISBN 81-8263-212-9

9788182632127

**Pratham Books**

Koyal Ki Kook (Urdu)

M.R.P. Rs. 20.00